## سوال

(125) جاہلیت اور کفر؛ شرک اور بدعت کیا ہیں ؟

## جواب

لسلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جاہلیت اور کفر ، شرک اور بدعت کیا ہے ۔ وضاحت فرمائیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان کے دائرۂ اسلام وایمان میں داخل ہونے سے پہلے کی حالت جاہلیت ہے ۔ نیز جاہل ہونا یا جاہل کی طرف منسوب ہونا جاہلیت کہلاتا ہے ۔ قرآنِ مجید کی کسی آیت یا کسی آیت کے حصے یا اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ﷺ کی کسی حدیث وسنت یا کسی حدیث وسنت کے حصے یا دیگر ایمانیات ودینیات سے کسی چیز کا انکار یا ارکانِ اسلام سے کسی رکن کا ترک یا کفار کی امتیازی خصوصیات سے کسی امتیازی خصوصیت کا ارتکاب کفر ہے ، پھر کفر کا لفظ دون کفر کے معنی میں ہر معصیت وگناہ پر بھی بولا جاتا ہے ۔ خصوصا کبائر پر ۔ شرک واشراک اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک بنانا ، خواہ ذات میں ہو ، خواہ اسماء وصفات میں ۔ خواہ عبادت واطاعت میں ہو ، خواہ حکم وتصرف میں ۔ خواہ کسی اور چیز میں ۔ بدعت کے متعلق رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

«وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلاَلَةٌ 1وَكُلُّ ضَلاَلَةٍ فِي النَّارِ» 2

(1۔ مسلم الجمعة باب تخفيف الصلاة والخطبة، حديث :٨٦٨ 2۔ نسائی کتاب الجمعه باب وکیفیة الخطبة)

''دین میں ہر نئی چیز بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی دوزخ میں لے جانے والی ہے ۔ ''

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 09 ص**